https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | منگل 22 جمادی الاوّل 1448ھ 03 نومبر 2026ء | شمارہ:225

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے

اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے

پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی تقریب سے وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹل جدت مالیاتی نظام کو زیادہ سے زیادہ افراد تک پہنچانے اور کاروباری خدمات کو مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے

بینک فار انٹرنیشنل سیٹلمنٹس (بی آئی ایس) کا منصوبہ ''اگورا'' ٹوکنائزڈ بینک ڈپازٹس کا جائزہ لے رہا ہے، جبکہ مرکزی بینک اپنے ذخائر کے ذریعے سرحد پار ادائیگیوں کے امکانات کا بھی جائزہ لے رہا ہے، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

کراچی (علیم نواب خان سے) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے، تاہم اس منزل کے حصول کے لیے مالیاتی نظم وضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے۔ ملک کو ایسی مالیاتی جدت کی ضرورت ہے جو کاروباری لاگت کم کرنے کے ساتھ زیادہ سے زیادہ افراد کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنائے۔ پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ ڈیجیٹل جدت مالیاتی نظام کو زیادہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



دیوان محمد یوسف فاروقی کی پاکستان میں ازبکستان کے سفیر سے ملاقات

دیوان کمپنیز کے چیئرمین کا دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) دیوان کمپنیز کے چیئرمین دیوان محمد یوسف فاروقی نے پاکستان میں ازبکستان کے سفیر علی شیر مختاروف سے ملاقات کی، اس موقع پر دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری کاری اور کاروباری شراکت داری کے فروغ کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں موشی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

قائداعظم کے 150 ویں یوم ولادت کی تقریبات دسمبر بھر منعقد ہوں گی، گورنر سندھ

نہال ہاشمی کا وزیر مینشن کھارادر کا دورہ، تاریخی اشیاء کے تحفظ اور مزید محفوظ بنانے کے لیے متعلقہ حکام کو ہدایات

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی جائے پیدائش وزیر مینشن کھارادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے قائداعظم کے زیر استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

مہنگی توانائی، سیاسی عدم استحکام اور غیر یقینی معاشی پالیسیاں صنعتی ترقی میں رکاوٹ قرار

کراچی (این این آئی) سائٹ صنعتی ایریا کراچی کے صنعتکاروں نے خبردار کیا ہے کہ مہنگی توانائی، سیاسی عدم استحکام اور غیر مستحکم معاشی پالیسیوں کے باعث ملکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سندھ کی تقسیم کا خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں، ڈاکٹر قادر مگسی

ٹنڈو محمد خان (این این آئی) سندھ ترقی پسند پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر قادر مگسی نے کہا ہے کہ سندھ سات کروڑ عوام کا صوبہ ہے اور اس کا ہر شہری محافظ ہے۔ سندھ کے عوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سندھ میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ زور پکڑنے لگا

صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر شہریوں کا نظام بدلنے پر زور، نئے انتظامی ڈھانچے کو ناگزیر قرار دیدیا

کراچی (این این آئی) سندھ کے مختلف شہروں کے عوام نے صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی پر نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کا مطالبہ کرتے ہوئے موجودہ نظام میں تبدیلی کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا ہے۔ شہریوں نے کہا کہ جب تک انتظامی ڈھانچے میں مؤثر تبدیلی نہیں لائی جائے گی، عام آدمی کے مسائل حل کرنا اور غریب عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا مشکل رہے گا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

سربسز کسانوں نے پنجاب کی گندم پیداوار کے مقابلے 26-2025 میں تینوں صوبائی پوزیشنز اپنے نام کرلیں فاطمہ فرٹیلائزر نے سربسز کی جیت گندم پیداوار مقابلے کے تحت منعقدہ تقریبِ تقسیمِ انعامات میں کامیاب کسانوں کی کارکردگی کو سراہا

ترقی کی دوڑ کسانوں کی کہانی فاطمہ فرٹیلائزر سربسز خرو

تقریب میں وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق، رانا تنویر حسین نے آن لائن شرکت کی جبکہ ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب، جناب افتخار علی ساہو سیکرٹری زراعت پنجاب، جناب شکیل احمد میاں اور صدر پاکستان کسان اتحاد، خالد کھوکھر سمیت دیگر معزز شخصیات تقریب میں موجود تھے

فاطمہ فرٹیلائزر کی ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیلز، رانیل سدوزئی نے کہا کہ گزشتہ سال (25-2024) بھی سربسز کھاد استعمال کرنے والے تمام کاشتکاروں نے صوبائی سطح پر تینوں پوزیشنز اور ضلعی سطح پر 120 میں سے 97 پوزیشنز حاصل کی تھیں



فاطمہ فرٹیلائزر نے سربسز کی جیت گندم پیداوار مقابلے کے تحت منعقدہ تقریبِ تقسیمِ انعامات میں کامیاب کسانوں کی کارکردگی کو سراہا یادگار کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

لاہور/کراچی (علیم نواب خان سے) سربسز کسانوں نے پنجاب کی گندم پیداوار کے مقابلے 26-2025 میں تینوں صوبائی پوزیشنز اپنے نام کرلیں۔ فاطمہ فرٹیلائزر نے سربسز کی جیت گندم پیداوار مقابلہ کے تحت منعقدہ تقریبِ تقسیمِ انعامات میں کامیاب کسانوں کی کارکردگی کو سراہا۔ پنجاب حکومت کے زیرِ اہتمام گندم پیداوار مقابلہ 26-2025 میں سربسز نائٹروفاس اور کیلشیم امونیم نائٹریٹ (CAN) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

تھرپارکر کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے، شہری خوفزدہ ہو کر گھروں سے باہر نکل آئے

اسلام کوٹ اور گردونواح میں رات ایک بج کر 35 منٹ پر چند سیکنڈ تک زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

تھرپارکر (این این آئی) تھرپارکر کے مختلف علاقوں، خصوصاً اسلام کوٹ شہر اور گردونواح میں رات ایک بج کر 35 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جس کے باعث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ماتلی کے قریب اسکول کے بچوں سے بھری وین میں آتشزدگی، گاڑی جل کر تباہ

تمام بچے اور ڈرائیور محفوظ، فائر بریگیڈ نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پالیا

ماتلی (این این آئی) گاؤں ٹھری نظامانی سے اسکول کے بچوں کو لے کر ماتلی آنے والی شکیل شاہ کی سبزوری کی بولان ہائی روف وین نمبر CD-2033 میں ملہن اسٹاپ کے قریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ابراہیم حیدری میں خاتون پر تیزاب گردی، صوبائی وزیر شاہینہ شیر علی کا نوٹس

مبینہ طور پر شوہر نے بیوی پر تیزاب پھینکا، ملزم واقعے کے بعد فرار، پولیس کو فوری گرفتاری اور کارروائی کی ہدایت

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر برائے ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی نے ابراہیم حیدری میں خاتون پر تیزاب گردی کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو واقعے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سائٹ صنعتی علاقے میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بند کرنے کے لیے نیپرا کی الیکٹرک کو ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے سائٹ صنعتی علاقے میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف 19 صنعتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

گلبرگ میں ہوائی فائرنگ سے نوسالہ مہتاب کی ہلاکت، عدالت نے دو ملزمان کو بری کر دیا

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل سیشن عدالت وسطی نے گلبرگ میں ہوائی فائرنگ سے نو سالہ بچے مہتاب کی ہلاکت کے مقدمے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پاکستان میں 90 فیصد کی ماہانہ آمدن 1.21 لاکھ سے کم

دیہی علاقوں میں غربت 56.4 فیصد

کراچی (این این آئی) ورلڈ لان ایکولکٹی ڈیٹا ہیں نے پاکستان میں آمدنی کی تقسیم وغربت سے متعلق اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں ماہانہ 1.21 لاکھ روپے کمانے والا امیر ترین 10 فیصد طبقے میں شامل، 90 فیصد کی ماہانہ آمدن اس سے کم ہے، ماہانہ 1.89 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

امین طائی، الطاف طائی، ارشد طائی کی والدہ دنیائے فانی سے رخصت

نماز جنازہ و تدفین میں سیکڑوں افراد شریک، مرحومہ راسخ العقیدہ خاتون تھیں

زیر دست خراج عقیدت پیش، سوئم آج بعد نماز مغرب تا عشاء خواتین کیلئے رہائشگاہ مردوں کیلئے قصبی مسجد میں ہوگا

کراچی (علیم نواب خان سے) معروف بلڈر امین طائی، الطاف طائی، ارشد طائی کی والدہ رضائے الٰہی سے انتقال کر گئیں۔ ان کی نماز جنازہ الفاروق مسجد آدم جی نگر میں اور تدفین رحمانیہ قبرستان طارق روڈ پر عمل میں آئی۔ مولانا سراج الدین اختر القادری نے نماز جنازہ پڑھائی جبکہ انہوں نے مرحومہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پاکستان نے آسٹریلیا کو ایک وکٹ سے ہرا کر آئی ایم سی اوور 40 کرکٹ ورلڈ کپ جیت لیا

کپتان جنید خلیل نینی تال والا نے آخری لمحات میں ونگ شارٹ کھیل کر ٹیم کو فتح دلائی، عدنان اکمل کے 83 اور جاوید منصور کے 62 رنز نمایاں رہے

کراچی (این این آئی) گیانا میں جاری آئی ایم سی اوور 40 کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں پاکستان نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد آسٹریلیا کو ایک وکٹ سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ کپتان جنید خلیل نینی تال والا کی قیادت میں پاکستانی ٹیم نے 282 رنز کا ہدف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

صحافیوں کیخلاف جرائم پر سزا سے استثنیٰ کسی صورت قابلِ قبول نہیں، مراد علی شاہ

صحافیوں کا تحفظ جمہوریت، قانون کی حکمرانی اور آزادی اظہار کے لیے ناگزیر ہے

سندھ حکومت نے 2021 میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے تحفظ کا قانون منظور کیا، عالمی دن پر پیغام

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے اور انہیں انصاف دلانے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کمرشل قونصلر پاکستان کینیا عدیلہ یونس سے پاکستانی بزنس مینوں کی ملاقات

پاکستان کمیونٹی آرگنائزیشن کے چیئرمین آصف امین اور پاک کینیا بزنس فورم کے سیکریٹری جنرل رضوان نے کینیا مارکیٹ پر گفتگو کی

کمرشل قونصلر سے مطالبہ کیا کہ کینیا میں سنگل کنٹری نمائش جسے میڈ ان پاکستان کا نام دیا جائے کا انعقاد کیا جائے پاکستانی مصنوعات کی تشہیر ہو

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان کمیونٹی آرگنائزیشن کے چیئرمین جناب آصف امین اور پاک کینیا بزنس فورم کے سیکرٹری جنرل جناب رضوان کے ساتھ ساتھ، کینیا میں مقیم دیگر نمایاں کاروباری شخصیات اور پاکستانی کاروباری برادری کے معزز اراکین کے ساتھ ایک نتیجہ خیز ملاقات ہوئی۔ اس دوران کینیا کی مارکیٹ کے حالات، پاکستانی فرموں کے ساتھ مشترکہ کاروباری منصوبوں (Joint Ventures)، اور تجارتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



آصف امین اور کینیا بزنس فورم کے رضوان احمد کا پاکستانی کمرشل قونصلر کینیا عدیلہ یونس سے ملاقات کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو



سردار شاہد احمد لغاری کا یو بی جی پیٹرن انچیف ایس ایم تنویر اور صدر زبیر طفیل کے اعزاز میں عشائیے کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو

سردار شاہد لغاری کا ایس ایم تنویر UBG وان کے اعزاز میں عشائیہ

زبیر طفیل، حنیف گوہر، رؤف مختار، میاں زاہد حسین، شیخ عمر ریحان، ابراہیم خالد تواب، سید ظہر علی ناصر بھی موجود

عشائیے میں پیٹرن انچیف یو بی جی ایس ایم تنویر کو ایف پی سی سی آئی کی صدارت کیلئے نامزد کرنے کے فیصلے کی بھرپور توثیق

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان ہلال احمر سوسائٹی کے سابق چیئرمین اور ایف پی سی سی آئی ایگزیکٹو کمیٹی مہر برائے 2027، سردار شاہد احمد لغاری نے اپنی رہائش گاہ لغاری ہاؤس ڈی ایچ اے فیز 6 | کراچی میں ایس ایم تصویر اور یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سینئر رہنماؤں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

حنیف گوہر کا آباد ہاؤس میں تین روزہ بڑی نمائش کا اعلان

تعمیراتی صنعت سے وابستہ الائیڈ صنعتوں کے فروغ کیلئے اہم اقدام ہے

تعمیراتی صنعت کی ترقی میں ذیلی صنعتوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے، چیئرمین آباد



کراچی (بزنس رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) نے تعمیراتی صنعت سے وابستہ الائیڈ صنعتوں کے فروغ، کاروباری روابط کو مضبوط بنانے اور مقامی مینوفیکچررز کو نئے مواقع فراہم کرنے کیلئے 3 روزہ ان ہاؤس نمائش کے انعقاد کا اعلان کیا ہے۔ نمائش 13، 14 اور 15 نومبر کو آباد ہاؤس میں منعقد ہوگی، جس میں بلڈرز، ڈیولپرز اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے مینوفیکچررز ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع ہوں گے۔ چیئرمین آباد محمد حنیف گوہر نے نمائش کے انعقاد کے حوالے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

میر رضا کیس، جے آئی ٹی سربراہ ڈی آئی جی عرفان بلوچ کو شوکاز نوٹس جاری

جے آئی ٹی کا نمائندہ عدالت میں پیش نہ ہوا، عدالت نے آئندہ سماعت تک تفتیشی افسر سے متعلق دضاحت طلب کرلی، سماعت 10 نومبر تک ملتوی

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ | شرقی کی عدالت نے میر رضا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

شیخ امتیاز حسین نیشنل فروٹ اینڈ ٹیبل ویلیو چین سب کمیٹی کے رکن مقرر

وزیر اعظم کے ویژن کے تحت، پاکستان برآمدات پر مبنی زرعی تبدیلی کی جانب گامزن ہے، صدر ایم پاک

کولڈ چین انفراسٹرکچر، کاروباری ترقی اور نجی شعبے میں سرمایہ کاری کے حوالے سے 25 سال سے زائد تجربہ حاصل ہے



کراچی (بزنس رپورٹر) حکومت پاکستان نے قومی زرعی و غذائی برآمدات میں تبدیلی اور فروغ کے لیے جاری اقدامات کے تحت امتیاز انٹرپرائزز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شیخ امتیاز حسین کو نیشنل فروٹ اینڈ ٹیبل ویلیو چین سب کمیٹی کا رکن مقرر کر دیا ہے یہ تقرری وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق (MNFSR) کی جانب سے سب کمیٹی کے سربراہ محمود نواز شاہ کی سفارش پر عمل میں آئی ہے یہ اقدام وزیرِ اعظم پاکستان کے اس وژن کا حصہ ہے جس کا مقصد ملکی زرعی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنا، برآمدی مسابقت میں اضافہ، زرعی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

کراچی امن و محبت کا شہر ہے فن کی کوئی سرحد نہیں ہوتی

نہال ہاشمی

گورنر سندھ کا ورلڈ کلچر فیسٹیول 2026 کے شرکاء کے اعزاز میں استقبالیہ، دنیا بھر کے فنکاروں کی کراچی میں موجودگی ثقافتی ہم آہنگی کا مظہر

کراچی ایک خوابوں کا شہر ہے اپنے گھر جیسا ماحول محسوس ہوتا ہے، قونصل جنرل عمان، فیسٹیول کے ذریعے کراچی کا تشخص سامنے آیا، ڈی جی وزارت خارجہ

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ پاکستان کی ثقافت کئی رنگوں پر مشتمل ہے، جس کی جڑیں قدیم وادی سندھ کی تہذیب، موئن جو دڑو اور ہڑپہ سے جڑی ہوئی ہیں۔ آج مشرق سے مغرب تک تمام براعظموں کے فنکاروں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سندھ ہائیکورٹ نے 19 صنعتی اداروں کی درخواست نیپرا کی رپورٹ کی روشنی میں نمٹا دی، الیکٹرک کو 6 ماہ میں بہتری کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے سائٹ انڈسٹریل ایریا میں غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف 19 صنعتی اداروں کی جانب سے دائر درخواست نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی رپورٹ کی روشنی میں نمٹا دی۔ نیپرا نے عدالت کو آگاہ کیا ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

کراچی میں بڑی چوری کی وارادات، گھر سے 30 تولہ سونا اور 5 ہزار امریکی ڈالر چوری

نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں اہل خانہ کی غیر موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ملزمان فرار

پولیس اور کرائم سین یونٹ نے شواہد جمع کر کے تفتیش شروع کر دی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ایم نائن گڈاپ سٹی میں واقع نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں چوری کی بڑی وارادات پیش آئی، جہاں نامعلوم ملزمان گھر سے 30 تولہ سونا اور 5 ہزار امریکی ڈالر چوری کر کے فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق وارادات ہاؤسنگ سوسائٹی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بڑی کارروائیاں

ایک ہفتے میں 992 سے زائد ملزمان گرفتار، پولیس مقابلوں میں 3 ڈاکو ہلاک

53 زخمیوں سمیت 68 ملزمان گرفتار، غیر قانونی اسلحہ، منشیات، 36 موٹر سائیکلیں اور 4 گاڑیاں برآمد

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس کراچی آزاد خان کے احکامات کی روشنی میں شہر بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کراچی میں گھریلو تنازع پر شوہر کا بیوی پر تیزاب سے حملہ، 14 سالہ لڑکی جھلس گئی

کم عمر بیوی پر مبینہ طور پر تیزاب پھینک کر ملزم فرار، متاثرہ لڑکی سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے | ابراہیم حیدری میں گھریلو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہو چکا، عوامی رائے کا احترام کیا جائے، ڈاکٹر عشرت العباد

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کے سربراہ، سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کا قیام ناگزیر ہو چکا ہے، عوامی رائے کا احترام کرتے ہوئے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے تشکیل دیے جائیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ڈیفنس میں کیفے کے باہر دو گروپوں میں تصادم، تشدد کی فوٹیج سامنے آگئی

آن لائن ٹیکسی ڈرائیور کی خواتین سے مبینہ بدتمیزی پر تنازع شروع ہوا، درخشاں تھانے میں مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے | ڈیفنس فیز 6 کے بڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے گورنر ہاؤس میں ورلڈ کلچر فیسٹیول 2026 کے شرکاء کے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ میں شریک سینیٹر طلحہ محمود، انسپکٹر جنرل سندھ پولیس سیکریٹری ثقافت وانسانی حقوق، ڈائریکٹر جنرل محکمہ خارجہ، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات، کویت، بحرین، ترکی، چین، فرانس، جرمنی، اٹلی، انڈونیشیا، روس اور بنگلہ دیش کے قونصل جنرلز سمیت پولینڈ، برطانیہ اور دیگر ممالک کے سفارتی نمائندے ملاقات کر رہے ہیں



میمن ایجوکیشن مانیٹری فاؤنڈیشن کی تقریب میں عارف حبیب گروپ کے سربراہ عارف حبیب اور پی پی پلیس گروپ آف اسکولز کے ایم ڈی محمد اطہر خان اور ڈائریکٹر محمد فیضان خان کا لیا گیا گروپ فوٹو

روزنامہ
قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے GROUP OF PUBLICATION
چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرحمٰن ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

سہ ملکی ون ڈے سیریز کا فاتح۔۔۔!

پاکستان نے سہ ملکی ون ڈے سیریز کے سنسنی خیز فائنل میں سری لنکا کو تین وکٹوں سے شکست دیکر ٹرافی اپنے نام کرلی۔ یہ میچ قذافی سٹیڈیم لاہور میں کھیلا گیا۔ پاکستان نے مطلوبہ ہدف 48.3 اوورز میں سات وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ سری لنکا نے ٹاس ہارنے کے بعد پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں آٹھ وکٹوں کے نقصان پر 325 رنز بنائے۔ قومی ٹیم نے فخر زمان کی 127 رنز کی شاندار سنچری، سعد بیگ کی عمدہ بیٹنگ اور عرفات منہاس کی جارحانہ اننگز کی بدولت کامیابی حاصل کی۔ آغاز میں وکٹیں جلد گریں تو پاکستانی ٹیم دباؤ کا شکار ہوگئی تاہم فخر زمان نے ذمہ دارانہ اور جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کیا، سعد بیگ کے ساتھ مل کر اننگز کو سنبھالا اور تیسری وکٹ کی شراکت میں 149 رنز بنا کر پاکستان کی جیت کی بنیاد رکھ دی۔ فخر زمان کی وکٹ گرنے کے بعد مقابلہ دلچسپ مرحلے میں داخل ہوگیا، سری لنکن باؤلروں نے پاکستانی بیٹنگ پر دباؤ بڑھانے کی کوشش کی۔ اِس موقع پر عرفات منہاس نے جارحانہ انداز اپناتے ہوئے 61 رنز کی اہم اننگز کھیلی جبکہ حسن نواز نے ناقابلِ شکست 37 رنز بنا کر ٹیم کو فتح کے قریب پہنچادیا۔ آخری لمحات میں شاہین شاہ آفریدی نے چھکا لگا کر قومی ٹیم کو فتح سے ہمکنار کیا۔ سری لنکا کی طرف سے کامندو مینڈس نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 131 رنز بنائے جبکہ پاون رتھناٸیکے نے 77 رنز بنا کر اُن کا بھرپور ساتھ دیا۔ پاکستان کی طرف سے شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ، حارث رؤف اور سلمان علی آغا نے دو، دو وکٹیں حاصل کیں۔ فخر زمان کو میچ کا بہترین کھلاڑی اور عرفات منہاس کو سیریز کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ فائنل مقابلے کو دیکھنے کیلئے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر سمیت اہم شخصیات بھی قذافی سٹیڈیم میں موجود تھیں۔ صدرِ مملکت نے اپنے پیغام میں سہ ملکی ون ڈے کرکٹ سیریز جیتنے پر قومی کرکٹ ٹیم کے تمام کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی کھلاڑیوں کی بھرپور محنت اور مشترکہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ وزیراعظم نے چیئرمین پی سی بی کو سہ ملکی سیریز کے کامیاب انعقاد اور قومی ٹیم کی فتح پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پی سی بی اور ٹیم مینجمنٹ کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔ اُنہوں نے اِس اُمید کا اظہار کیا کہ قومی کرکٹ ٹیم مستقبل میں بھی اِسی جذبے، محنت اور ٹیم ورک کے ساتھ ملک کے لئے کامیابیاں حاصل کرتی رہے گی۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ پاکستانی قومی ٹیم نے 2008ء کے بعد پہلی مرتبہ سہ ملکی ون ڈے ٹورنامنٹ جیتا ہے، 2017ء میں چیمپئنز ٹرافی جیتنے کے بعد پاکستان چھ بڑے کثیر ملکی ون ڈے ایونٹس میں ٹائٹل حاصل کرنے میں ناکام رہا جن میں دو ایشیاء کپ، دو عالمی کپ، ایک چیمپئنز ٹرافی اور 2025ء کی سہ ملکی سیریز شامل ہیں۔ اِن چھ ایونٹس میں قومی ٹیم کو مجموعی طور پر 17 میچوں میں شکست ہوئی۔ اِس عرصے میں پاکستان کی بین الاقوامی کرکٹ کارکردگی کا جائزہ صرف اِن ٹورنامنٹس تک محدود نہیں رکھا جاسکتا کیونکہ ٹیم نے ٹیسٹ، ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سمیت درجنوں مقابلوں میں حصہ لیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق قومی ٹیم نے صرف 2025ء میں تینوں فارمیٹس کے 50 سے زائد بین الاقوامی میچ کھیلے جن میں کم وبیش 30 کامیابیاں حاصل کیں۔ ملک میں پاکستان سپر لیگ سے کرکٹ کی بحالی کا سفر شروع ہوا اور اب بین الاقوامی ٹیمیں مسلسل پاکستان آرہی ہیں۔ سری لنکا اور برطانیہ کے ساتھ سہ ملکی سیریز اِس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ یہ فتح قومی کرکٹ ٹیم کے اعتماد کی بحالی میں موثر کردار ادا کرسکتی ہے لیکن مزید کامیابی کیلئے ٹیم کو کارکردگی میں تسلسل پیدا کرنا ہوگا۔ ورلڈ کپ 2027ء تک اسے اپنی خامیوں پر قابو پانے، کمبی نیشن مستحکم کرنے اور ون ڈے کرکٹ میں تسلسل پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆



یونیورسٹی آف میرپورخاص میں پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد 876 امیدواروں نے شرکت کی، ٹیسٹ کا عمل خوش اسلوبی سے اختتام پذیر



میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یونیورسٹی آف میرپورخاص میں پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد 876 امیدواروں نے شرکت کی، تفصیلات کے مطابق یونیورسٹی آف میرپورخاص میں تعلیمی سال 2027ء کے لیے مختلف انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلوں کے لئے پری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

عوامی تحریک ضلع میرپورخاص کی ضلعی کانفرنس، ''سندھ کو درپیش خطرات'' کے موضوع پر سیمینار

کانفرنس سے عبدالرحمان سموں، ڈاکٹر رسول بخش خاصخیلی، عمرہ سموں، ڈاکٹر دلدار لغاری، ایاز کھوسو، مختیار خاصخیلی، قاسم ناریجو، ساجن کمار، ایاز کاہوڑو کا خطاب



میرپورخاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) عوامی تحریک ضلع میرپورخاص کی ضلعی کانفرنس اور ''سندھ کو درپیش خطرات'' کے موضوع پر سیمینار پریس کلب ہال میں منعقد ہوا جس میں سندھ کی تقسیم، نئے صوبوں کے قیام، سندھ کی زمینوں اور معدنی وسائل پر قبضوں، دریائے سندھ پر نئے کینالز اور ڈیموں کی تعمیر، 28ویں آئینی ترمیم اور آبادگاروں کو فصلوں کے مناسب معاوضے نہ ملنے سمیت دیگر مسائل پر شدید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

ہمل فارماسیوٹیکلز کے زیر اہتمام کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں پنک ٹوبر آگاہی واکس اور رنز کا انعقاد

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی/ لاہور/ اسلام آباد: بریسٹ کینسر سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنے اور بروقت تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے 31 اکتوبر کو ہمل فارماسیوٹیکلز کے زیر اہتمام کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں ''ہمل پنک ٹوبر'' آگاہی مہم کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

قطر اسپتال کے ایم ایس پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال اور غیر قانونی سپروائزر تعیناتیوں کے الزامات

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی قطر اسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راشد سراج پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال، من پسند افراد کو نوازنے اور انتظامی امور میں بے ضابطگیوں کے الزامات سامنے آئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق بی پی ایس 04 کے ملازمین کو مبینہ طور پر غیر مجاز طور پر سپروائزر کی ذمہ داریاں اور عہدے تفویض کیے گئے ہیں، جس سے اسپتال کے انتظامی نظام اور میرٹ پر سوالات اٹھنے لگے ہیں ایک سابق پیرا میڈیکل ملازم نے الزام عائد کیا ہے کہ متعلقہ ملازمین کے کیڈر، منظور شدہ آسامیوں اور بجٹ میں باضابطہ سرکاری منظوری کے بغیر انہیں سپروائزری اختیارات دیے گئے، جو انتظامی قواعد و ضوابط کے حوالے سے قابلِ تحقیق معاملہ ہے دوسری جانب اسپتال میں غریب مریضوں کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ اورنگی ٹاؤن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

میرپورخاص میں نادرا کی مبینہ غفلت، زندہ خاتون کو سسٹم میں مردہ ظاہر کردیا گیا، متاثرہ خاتون کی اعلیٰ حکام سے انصاف کی اپیل

میرپورخاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) میرپورخاص میں نادرا کے ریکارڈ میں ایک سنگین اور تشویشناک غلطی سامنے آئی ہے، جہاں ایک زندہ خاتون کو نادرا کے ویری سس/ پاک آئی ڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



میرپورخاص میں انسداد پولیو مہم کا افتتاح، 3 لاکھ 9 ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر



میرپورخاص (رپورٹ/ خاور انیس) ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شبیر خان بھٹو نے ڈپٹی کمشنر نواب سمیر حسین لغاری کے ہمراہ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

ایکسین واپڈا عمرکوٹ علی رضا بھٹی کی جانب سے کنری کے نواحی گاؤں شیر خان رند میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا

کنری (رپورٹ رضوان مغل) ایکسین واپڈا عمرکوٹ علی رضا بھٹی کی جانب سے کنری کے نواحی گاؤں شیر خان رند میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس میں بجلی صارفین نے بڑی تعداد میں شرکت کرکے اپنے مسائل پیش کیے۔ اس موقع پر بجلی کے ڈیمانڈ بلوں، زائد بلنگ اور واپڈا سے متعلق دیگر شکایات سنی گئیں اور متعدد مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ایکسین واپڈا عمرکوٹ علی رضا بھٹی نے گاؤں شیر خان رند میں کھلی کچہری کے دوران صارفین سے براہِ راست ملاقات کی اور ان کے بجلی سے متعلق مسائل معلوم کیے۔ اس موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

کاروکاری کے الزام میں قتل ہونے والی خاتون کے قتل کا مقدمہ والد، شوہر اور بھائی سمیت 5 افراد کے خلاف درج، کوئی گرفتاری عمل میں نہ آسکی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) کاروکاری کے الزام میں قتل ہونے والی خاتون کے قتل کا مقدمہ والد، شوہر اور بھائی سمیت 5 افراد کے خلاف درج، کوئی گرفتاری عمل میں نہ آسکی تفصیلات کے مطابق میرپورخاص کے قریب کھان تھانہ کی حدود میں واقع گاؤں علی ڈنومری میں کاروکاری کے الزام میں قتل ہونے والی 30 سالہ خاتون فرزانہ مری کے قتل کا مقدمہ اس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

نئے شہر کا پلان آسان، کراچی کی موجودہ بگڑی صورتحال درست کرنا کنسلٹنٹس کے لیے سب سے بڑا امتحان ہے، مراد علی شاہ



کراچی (اسٹاف رپورٹر/ کاشف احمد فاروقی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ہفتے کے روز کہا کہ صوبائی حکومت منصوبہ بند، پائیدار اور ہمہ گیر شہری ترقی کو یقینی بنانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

لاروش کرکٹ کلب اور یونائیٹڈ اسپورٹس نے فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کرلیا، نصرت محبوب، صدر زون دو



کراچی (اسپورٹس رپورٹر/ کاشف احمد فاروقی) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
بانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی کی موجودگی میں شارجہ اور برطانوی ادارے ایڈوانس ایچ ای کے درمیان تعلیمی معاہدہ

شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی نے اعلیٰ تعلیم اور سائنسی تحقیق کے شعبوں میں بین الاقوامی تعاون کے فروغ کے معاہدے کی تقریب میں شرکت کی

ڈاکٹر عائشہ بخاطر الشمسی اور ایلیسٹر جاروس نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے، جامعات میں تدریسی معیار بہتر بنانے پر اتفاق

معاہدے کے تحت اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت، قیادت کی صلاحیتوں میں اضافہ اور عالمی تعلیمی معیار اپنانے کے لیے مشترکہ اقدامات کیے جائیں گے



شارجہ (بزنس رپورٹر) متحدہ عرب امارات کی ریاست شارجہ کے حکمران اور سپریم کونسل کے رکن عزت مآب شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی نے پیر 2 نومبر 2026 کو اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں بین الاقوامی تعاون کے فروغ کے لیے ایک اہم معاہدے کی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر شارجہ کونسل برائے اعلیٰ تعلیم و سائنسی تحقیق اور برطانیہ کے معروف تعلیمی ادارے ایڈوانس ایچ ای (HE Advance) کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ یہ تقریب یونیورسٹی سٹی میں واقع شارجہ کونسل برائے اعلیٰ تعلیم و سائنسی تحقیق کے مرکزی دفتر میں منعقد ہوئی، جہاں شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی نے معاہدے پر دستخط کی کارروائی کا مشاہدہ کیا۔ شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی شارجہ کونسل برائے اعلیٰ تعلیم و سائنسی تحقیق کے چیئرمین بھی ہیں اور ریاست میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیقی سرگرمیوں کی ترقی کے لیے خصوصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ مفاہمتی یادداشت پر شارجہ کونسل برائے اعلیٰ تعلیم و سائنسی تحقیق کی سیکریٹری جنرل ڈاکٹر عائشہ بخاطر الشمسی اور برطانوی ادارے ایڈوانس ایچ ای کے چیف ایگزیکٹو ایلیسٹر جاروس نے دستخط کیے۔ اس معاہدے کا بنیادی مقصد شارجہ کے اعلیٰ تعلیمی شعبے کی مسلسل ترقی، جامعات کے تدریسی معیار میں بہتری اور تعلیمی اداروں کو بین الاقوامی تجربات سے مستفید ہونے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ معاہدے کے تحت شارجہ کی اعلیٰ تعلیمی درس گاہوں کو ایڈوانس ایچ ای کی مہارت، تعلیمی وسائل اور عالمی سطح پر تسلیم شدہ بہترین طریقہ کار سے فائدہ اٹھانے کی ترغیب دی جائے گی۔ اس تعاون کے ذریعے جامعات میں تعلیمی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور تدریسی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت دونوں اداروں کے درمیان تعاون کے متعدد شعبے طے کیے گئے ہیں، جن میں اساتذہ اور تعلیمی عملے کی پیشہ ورانہ ترقی، قیادت کے تربیتی پروگرام، تدریسی معیار میں بہتری اور تعلیمی عملے کی صلاحیتوں میں اضافہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف ورکشاپس، سیمینارز اور تجربات کے تبادلے کے ذریعے تعلیمی اداروں کے درمیان روابط مضبوط کیے جائیں گے۔ اس تعاون کا ایک اہم پہلو جامعات میں تدریسی عملے کی جدید تربیت اور انتظامی قیادت کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا ہے، تاکہ اعلیٰ تعلیمی ادارے عالمی سطح پر رائج معیارات کے مطابق اپنی کارکردگی کو بہتر بنا سکیں۔ اس سلسلے میں ایڈوانس ایچ ای اپنے بین الاقوامی تجربات اور دستیاب وسائل شارجہ کے تعلیمی اداروں کے ساتھ شیئر کرے گا۔ معاہدے کے تحت شارجہ کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں پروفیشنل اسٹینڈرڈز فریم ورک (PSF) اپنانے کی راہ بھی ہموار کی جائے گی۔ یہ فریم ورک یونیورسٹیوں میں تدریسی معیار جانچنے اور بہتر بنانے کے لیے ایک بین الاقوامی حوالہ سمجھا جاتا ہے۔ اسی فریم ورک کی بنیاد پر ایڈوانس ایچ ای کی جانب سے پیشہ ورانہ فیلوشپ کی چار مختلف اقسام بھی عطا کی جاتی ہیں۔

شیخ محمد بن زاید کا فلائی دبئی کے عملے کو زاید دوم فرسٹ کلاس اعزاز عطا کرنے کا فیصلہ

شیخ محمد بن زاید، شیخ حمدان بن محمد اور شیخ احمد بن سعید نے فلائی دبئی کے بہادر عملے کی خدمات کو سراہا

ستمبر کے دوران دورانِ پرواز پیش آنے والے واقعے میں مسافروں کی حفاظت یقینی بنانے پر عملے کو اعلیٰ سرکاری اعزاز دیا گیا

شیخ حمدان بن محمد نے اعزازات پیش کیے، عملے نے صدر متحدہ عرب امارات کا شکریہ ادا کرتے ہوئے فخر کا اظہار کیا



ابوظہبی (خصوصی رپورٹ) متحدہ عرب امارات کے صدر عزت مآب شیخ محمد بن زاید آل نہیان نے فلائی دبئی (flydubai) کے ان عملے کے ارکان کو زاید دوم فرسٹ کلاس آرڈر عطا کیا ہے جنہوں نے ستمبر میں دورانِ پرواز پیش آنے والے ایک ہنگامی واقعے کے دوران اپنی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے مسافروں کی حفاظت یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ یہ اعزاز عملے کی بہادرانہ کوششوں، فرض شناسی اور انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ان کی غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں دیا گیا ہے۔ متحدہ عرب امارات کی سرکاری خبر رساں ایجنسی وام کے مطابق 27 اکتوبر 2026 کو ابوظہبی میں اس حوالے سے ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی، جس میں فلائی دبئی کے متعلقہ عملے کے ارکان کو اعلیٰ سرکاری اعزاز سے نوازا گیا۔ صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی جانب سے عطا کیے جانے والے اس اعزاز کو عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مشکل حالات میں بہترین کارکردگی کا اعتراف قرار دیا گیا ہے۔ اعزازات دبئی کے ولی عہد، متحدہ عرب امارات کے نائب وزیراعظم اور وزیر دفاع عزت مآب شیخ حمدان بن محمد بن راشد آل مکتوم نے پیش کیے۔ اس موقع پر شیخ حمدان بن محمد نے عملے کے ارکان کی جرات مندانہ کارروائیوں، ذمہ داری کے احساس اور مسافروں کی حفاظت کے لیے ان کی غیر معمولی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے اس امر کو قابلِ تحسین قرار دیا کہ دورانِ پرواز پیش آنے والی مشکل صورت حال میں عملے نے اپنے فرائض پوری ذمہ داری اور پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیے۔ ان کی بروقت کوششوں نے مسافروں کی سلامتی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ اقدام اس بات کی بھی عکاسی کرتا ہے کہ ہوابازی کے شعبے میں عملے کی تربیت، حاضر دماغی اور ذمہ دارانہ طرزِ عمل کس قدر اہمیت رکھتے ہیں۔ اعزاز حاصل کرنے والے فلائی دبئی کے عملے کے ارکان نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اس اعزاز کو اپنے لیے باعثِ فخر قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے صدر کی جانب سے ان کی خدمات کا اعتراف ان کے لیے نہایت حوصلہ افزا ہے۔ عملے کے ارکان نے اس اعزاز کو خدمت، لگن، محنت اور پیشہ ورانہ وابستگی جیسی اعلیٰ اقدار کی عکاسی قرار دیتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اعزاز نہ صرف ان کی ذاتی خدمات کا اعتراف ہے بلکہ پوری ٹیم کے لیے فخر اور مزید بہتر کارکردگی کا باعث بھی ہے۔ تقریب میں صدارتی عدالت برائے ترقیاتی امور اور شہدائے وطن کے معاملات کے نائب چیئرمین عزت مآب شیخ ذیاب بن محمد بن زاید آل نہیان بھی شریک ہوئے۔





1 ﴿تیز آواز﴾ سنگِ میل

ضلع ٹبہ کلاں کے نواحی علاقے ڈھوک منشی رام میں پیر کی صبح ایک ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے 14 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان کے مطابق زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ٹبہ کلاں منتقل کیا گیا، جہاں ایمرجنسی وارڈ میں ان کا علاج جاری ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ٹرالی میں 17 افراد سوار تھے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ٹریکٹر ڈرائیور نے موڑ کاٹتے وقت رفتار پر قابو کھو دیا۔

ڈھوک منشی رام کے رہائشی محمد یونس نے بتایا کہ وہ اپنے بیٹے کے ساتھ کھیت سے واپس آ رہے تھے۔ ان کے مطابق ٹرالی میں زیادہ تر مزدور تھے جو کپاس کی چنائی کے بعد گھر لوٹ رہے تھے۔ ’موڑ پر اچانک ٹرالی ایک طرف جھکی اور پھر پلٹ گئی، چیخ و پکار مچ گئی، ہم نے مل کر زخمیوں کو نکالا‘۔

ریسکیو حکام کے مطابق 3 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے جنہیں سر اور ریڑھ کی ہڈی میں شدید چوٹیں آئی ہیں۔ ڈاکٹر فرحانہ ملک نے بتایا کہ ایمرجنسی میں 2 سرجنوں کی ٹیم تعینات کی گئی ہے اور ضرورت پڑنے پر زخمیوں کو ریفر کیا جائے گا۔ ہسپتال انتظامیہ نے خون کے عطیات کی اپیل بھی کی ہے۔

ایس ایچ او تھانہ صدر ٹبہ کلاں انسپکٹر شاہد منیر نے کہا کہ مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور ٹریکٹر ڈرائیور کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرالی پر مسافروں کی ممانعت کے باوجود اتنی بڑی تعداد میں لوگ سوار تھے، جو ایک سنگین خلاف ورزی ہے۔ ضلعی پولیس افسر نے ٹرالی مالکان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے ٹریکٹروں پر مسافر نہ بٹھائیں۔

2 ﴿تیز آواز﴾ سنگِ میل

ضلع کوٹ سبزانی کے نواحی علاقے ڈھوک منشی رام میں پیر کی صبح ایک ٹریکٹر ٹرالی الٹنے سے 14 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان کے مطابق زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کوٹ سبزانی منتقل کیا گیا، جہاں ایمرجنسی وارڈ میں ان کا علاج جاری ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ ٹرالی میں 17 افراد سوار تھے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ٹریکٹر ڈرائیور نے موڑ کاٹتے وقت رفتار پر قابو کھو دیا۔

ڈھوک منشی رام کے رہائشی محمد یونس نے بتایا کہ وہ اپنے بیٹے کے ساتھ کھیت سے واپس آ رہے تھے۔ ان کے مطابق ٹرالی میں زیادہ تر مزدور تھے جو کپاس کی چنائی کے بعد گھر لوٹ رہے تھے۔ ’موڑ پر اچانک ٹرالی ایک طرف جھکی اور پھر پلٹ گئی، چیخ و پکار مچ گئی، ہم نے مل کر زخمیوں کو نکالا‘۔

ریسکیو حکام کے مطابق 3 زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے جنہیں سر اور ریڑھ کی ہڈی میں شدید چوٹیں آئی ہیں۔ ڈاکٹر فرحانہ ملک نے بتایا کہ ایمرجنسی میں 2 سرجنوں کی ٹیم تعینات کی گئی ہے اور ضرورت پڑنے پر زخمیوں کو ریفر کیا جائے گا۔ ہسپتال انتظامیہ نے خون کے عطیات کی اپیل بھی کی ہے۔

ایس ایچ او تھانہ صدر کوٹ سبزانی انسپکٹر شاہد منیر نے کہا کہ مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور ٹریکٹر ڈرائیور کو حراست میں لے لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرالی پر مسافروں کی ممانعت کے باوجود اتنی بڑی تعداد میں لوگ سوار تھے، جو ایک سنگین خلاف ورزی ہے۔ ضلعی پولیس افسر نے ٹرالی مالکان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے ٹریکٹروں پر مسافر نہ بٹھائیں۔

3 ﴿تیز آواز﴾ سنگِ میل

